© rasailojaraid.com

محمد معاویہ (چیچاوطنی)

# منافق کوفیوں اور سبائیوں نے دھوکہ دیکر سیدنا حسینؓ کو شہید کیا

## چیچاوطنی میں مجلس ذکر حسین سے سید محمد کفیل بخاری کا خطاب

مجلس احرار اسلام چیچاوطنی کے زیر اہتمام حسب سابق سالانہ مجلس ذکر حسینؓ ۶ محرم ۱۴۱۷ھ مطابق ۲۴ مئی ۱۹۹۴ء جامع مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ سکیم میں منعقد ہوئی۔ ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے مدیر سید محمد کفیل بخاری اس مجلس کے مقرر تھے۔ ایک بجے قبل از نماز جمعہ ان کا خطاب شروع ہوا جو تقریباً ایک گھنٹہ جاری رہا۔

حادثہ کربلا اور شہادت سیدنا حسینؓ کے حوالے سے انہوں نے نہایت مفصل اور مدلل بیان کیا۔ انہوں نے کہا کہ قتل حسینؓ کی سازش کی ابتداء قتل سیدنا عثمانؓ سے ہوتی ہے۔ اس کے پس منظر میں ابن سبا جیسے یہودی النسل منافق اور اسلام دشمن شخص کی ذہنی اور فکری خباثتیں کارفرما تھیں۔ سیدنا حسینؓ کو خطوط لکھے گئے اور دھوکہ دیا گیا۔ یہ کام منافق کوفیوں نے سرانجام دیا۔ جب سیدنا حسینؓ نے کوفیوں کی دعوت پر سفر کا آغاز کیا تو راستے میں ہی انہیں اصل سازش کا علم ہو گیا اور انہوں نے اپنے موقف سے رجوع کرتے ہوئے واپسی کا فیصلہ کیا۔ سیدنا حسینؓ تمام مسلمانوں کے لئے بالکل اسی طرح قابلِ احترام ہیں جس طرح دوسرے صحابۂ کرام۔ حسینؓ کی محبت اہل سنت والجماعت کے ایمان کا حصہ ہے۔

انہوں نے کہا کہ بے شک سیدنا حسینؓ کی شہادت مظلومانہ ہے اور ان پر ظلم ہوا لیکن تاریخ کے کذاب راویوں اور سبائی و رافضی مؤرخوں کی روایتیں اس لئے اہل سنت کے لئے قابل قبول نہیں۔ کہ انہی راویوں نے حادثہ کربلا کے مظالم، اور محبت آلِ رسول کی آڑ میں اسلام کی نہایت ہی محترم جماعت صحابۂ کرامؓ پر کذب و افتراء کا کیچڑ اچھالا اور امت میں انتشار و افتراق اور فساد پیدا کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہادت حسینؓ غیرت و حمیت کے جذبۂ پاک سے معمور ہے۔


اہل سنت کے روپ میں رفض و سبائیت پھیلانے والے طبقہ کے خیالات کا
علمی و تحقیقی محاسبہ
ایسی کتاب جس نے بعض نام نہاد
تقدس مآبوں کی حجلہ عروسی میں
زلزلہ بپا کر دیا

مولانا احسان سیالکوٹی
سبائی فتنہ
(حصہ اول)

بخاری اکیڈمی مہربان کالونی ملتان۔
قیمت 150 روپے


© rasailojaraid.com